Volume I
No. 7

SP. 1-7-77 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Thursday May 12, 1977

CONTENTS

| | | | Pages |
|---|---|---|---|
| Leave of Absence | ... | ... | 193 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977—*Read out* | ... | ... | 193 |
| The Negotiable Instrument (Amendment) Bill, 1977—*Passed* | ... | ... | 194 |
| Leave of Absence | ... | ... | 217 |

PRINTED AT THE DOGARSONS ART PRINTERS, 17—URDU BAZAR, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.
*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Thursday, May 12, 1977**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past nine of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan), in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran)

---

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman :** This is an application for leave by Syed Murad Ali Shah.

> "I was unable to attend the session on 5th and 6th May due to some urgent affairs. It is requested that leave may kindly be granted."

Yes, he is asking for leave for 5th and 6th May when he was not able to attend. Should the leave be granted ?

(*The leave was granted*)

**Mr. Chairman :** Leave is granted,

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF NEGOTIABLE INSTRUMENTS (AMENDMENT) BILL, 1977

**Mr. Chairman :** There is a message from the Assembly Secretariat addressed to ours. It reads :

> "I pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly

[Mr. Chairman]

> passed the Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977, on the 11th May. A copy of the Bill is transmitted herewith."

I think, we are taking up the same Bill today.

Yes, now we take up legislative business. Where is the Law Minister ?

**Rao Abdus Sattar** (Leader of the House) : Law Minister is coming, Sir.

**Mr. Chairman** : Yes, please. You move your motion at item No. 2.

## THE NEGOTIABLE INSTRUMENTS (AMENDMENT) BILL, 1977

**Mr. S. M. Masud** : (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : Mr, Chairman Sir, I beg to move:

> "That the Bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman** : Yes, the motion made is :

> "That the Bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman** : Yes, Mr. Masud.

**Mr. S. M. Masud** : Mr. Chairman, Sir, as you are aware, the Prime Minister was pleased to announce on the 7th of January, 1977, on the floor of the National Assembly, that with effect from 1st of July, 1977, Friday, instead of Sunday, will be observed as a weekly closed holiday. At that time the Prime Minister made another observation which I quote :

> "Nothing would have given me more pleasure than to be able to declare that the weekly holiday shall be Friday from the next week."

All the same, since matters relating to international banking etc. were not yet sorted out, the nation would begin observing the new weekly holidays from the first Friday of July, beginning new fiscal year. Sir, the law at the time, law as existing relating to the public holidays, is Negotiable Instruments Act of 1881. Under section 25 of the same Act there is an explanation which deals with the expression, 'public holiday', and I read it.

> "**Explanation:** The expression 'public holiday' includes Sundays, Eid Melad-un-Nabi, Pakistan Day, The Anniversary Day of

the death of Quaid-i-Azam and any other day declared by the Central Government by notification in the official gazette to be public holiday."

By this amendment and by this Bill which has been approved by the National Assembly, the intentention is that in the explanation, the weekly holiday should be Friday instead of Sunday.

Sir, you are aware that when Muslims of this country established Islamic Republic of Pakistan, from that day their desire has been to Islamise the laws of this country, and one of the main demands which was being put was that we should observe Friday as a public holiday instead of Sunday, because according to our own religion Friday is a sacred day on which the people of a locality join together, offer prayers and also make a sort of congregation which is in the nature of getting together for the purposes of knowing their own problems, problems of the community of an area. It is somewhat different from the Sabbath Day which was being observed by the Jews in the old days, because the concept of Sabbath, according to Jews, was altogether different. It was, on that day, considered that God Almighty observed rest, complete rest, and they thought that the people also, human beings also should take complete rest on that day. Christianity had a different concept in the beginning but also some of them tried to follow the same old traditions which were being followed by the Jews. They in the beginning considered that it was a day of pleasure and also day for making prayers, but later on when they thought and considered that in the new Testament there was no prohibition in respect of the Sabbath day, they also followed the same traditions which were being followed by the Jews.

Muslims on the contrary thought that God needed no rest. They only get together on a particular date to observe and make prayers. There is also an injunction in *Surah 'Juma'* in the Holly Quran, in which it has been said that after the prayers you should go to your normal work. There are also certain instructions about this day in which muslims thought that a particular time comes when a prayer, which is made to God, is accepted by the Almighty Allah.

Now, we have felt that the Muslims were having difficulty is a State, which is Islamic Republic of Pakistan, in respect of offering prayers. They had to rush from their work to offer prayers and then it was not possible to go back to their work. So, by this amendment instead of Sunday we are making Friday a public holiday, and thus we are fulfilling the wishes of the majority of this country. But I can assure on the floor of this House also, as I have done in the National Assembly, that the difficulties in respect of the minorities in observing the prayers on other days will be given due consideration. The Government will take full care of their problems which might be caused to them by the change of this holiday from Sunday to Friday.

Thank you very much.

**Mr. Chairman :** Thank you. Any other gentleman ?

**Mr. Abdul Latif Ansari :** Mr. Chairman, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes, Mr. Abdul Latif Ansari.

فرمائیے انصاری صاحب ۔

**جناب عبداللطیف انصاری :** جناب چیئرمین ! آج جو بل ہمارے سامنے ہے یہ ایک معصوم سا اور چھوٹا سا بل ہے لیکن اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے اس لئے کہ پورے عالم اسلام کے ہر مسلمان کے لئے جمعہ کے دن کی اہمیت اور فضیلت بہت ھی مقدس ہے اور پاکستان کے باشندے ہمیشہ یہی چاہتے تھے کہ حکومت کی طرف سے ایک دن کی جو چھٹی ہوتی ہے وہ جمعہ کی ہو ۔ حکومت کے علاوہ ملک کے کئی ادارے ایسے ہیں جو اس سے پہلے اپنی چھٹی جمعہ کو مناتے ہیں حتلی کہ چھوٹے چھوٹے مزدور اور راج وغیرہ بھی ، اپنی چھٹی جمعہ ھی کو مناتے ہیں جمعہ کو وہ کام کرنا پسند نہیں کرتے ۔ میں نے اپنی زندگی میں ہمیشہ دیکھا ہے کہ وہ جمعہ کو ھی چھٹی کرتے ہیں ۔ لیکن یہ پورے ملک کا مطالبہ تھا ۔ اور اس مطالبہ کو ، مجھے اس بات کو یہاں کہتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ اس حکومت نے منظور کیا ۔ اس سے پیشتر جتنی بھی حکومتیں آئیں ان کے سامنے یہی نصب العین رہا اور ان کا یہی پروگرام رہا کہ ہم اس ملک میں اسلام شرعی نظام لانے کی کوشش کریں گے اور لائیں گے لیکن وقت نے یہ ثابت کردیا کہ موجودہ حکومت نے یہ اسلامی اقدامات کیے ایسے اقدامات اس سے پیشتر کسی حکومت نے نہیں کئے جمعہ کے دن تعطیل ہونے کے متعلق بھی، قائد عوام نے ۷ جنوری کو اعلان کیا۔ لیکن مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جمعہ کے تقدس کو موجودہ تحریک کے دوران موجودہ حالات میں پامال کیا جا رہا ہے ۔ جس دن کے لئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ہیں کہ جمعہ کا دن ہمارے لئے عید کا دن ہے لیکن یہاں پر ، چند مہینوں سے دیکھا جائے تو جمعہ کا دن جو ہمارے مذہب میں عقیدت اور محبت کا دن ہے وہ دن مسلمانوں کے لئے ایک بہت ہی تکلیف دہ دن بن گیا ہے ۔ اس دن مسلمانوں کا خون ہوتا ہے ، مسلمان مسلمان کو قتل کرتا ہے ۔ اس بات کی تاریخ گواہ ہے کہ موجودہ حالات میں اس دن کو بعض لوگوں نے مقرر کیا ہوا ہے کہ مسلمانوں کی ملکیتوں کو اس دن آگ لگادی جائے ۔ ہمارے ملک کی حزب اختلاف یہ پروپیگنڈا کررھی ہے کہ ھم اپنے ملک میں اسلامی نظام رائج کریں گے اور ہم اسلام کے لیے جدوجہد کرر ہے ہیں ۔

لیکن ان کی یہ سب زبانی باتیں ہیں - انہوں نے تو ہمارے مذہب اور دین کو مذاق بنایا ہوا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ ان طریقوں سے اسلام کی کوئی خدمت ہوتی ہے انہیں اس مقدس دن کا احترام نہیں کیا ہے میں اپنے اس ایوان سے اور ان بھائیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ خدا را آپ اس مقدس دن کا احترام کریں اور یہاں آپ پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ آپ مسلمانوں میں بھائی چارے اور عزت و محبت کی فضا پیدا کریں وہاں آپ پر یہ بھی فرض عائد ہوتا ہے کہ آپ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے ہمارے مذہب اور مسلمان بھائیوں میں نا اتفاقی پیدا ہو جس سے ہمارے مذہب کو نقصان پہنچے - میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت نے جو اقدامات کئے ہیں وہ عین شرعی ہیں اور اسلام کی بہتری اور اس ملک میں شرعی نظام لانے کے لیے ایک بہت ہی اچھا اور نیک قدم ہے - نیک فال ہے - میں ان الفاظ کے ساتھ اس بل کی تائید کرتا ہوں- شکریہ -

**جناب چیئرمین :** شکریہ - مولانا عبدالحکیم -

**مولانا عبدالحکیم :** اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم -

''یا ایہاالذین آمنو اذا نودیا للالصلوٰاۃ من ایوم الجمعۃ فاسعوالا ذکر اللہ وذرابیع''

جناب چیئرمین ! یہ آیت کریمہ جو میں نے بطور تبرک کے پڑھی ہے یہ اپنی گزارشات کے موضوع اور بل کے عنوان کے لیے ہے - یہ بل اس آیت کریمہ کے تقاضے اور مطالبے پر پیش کیا گیا ہے - اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے کہ اے ایمان والو ! جمعہ کے دن جب نماز جمعہ کے لیے آذان ہوتی ہے تو تم اپنی مصروفیات ، لفظ ''بیع'' سے مراد تمام مصروفیات ہیں ، چھوڑ دو اور اللہ کی عبادت کے لیے ، اللہ کی بندگی کی تیاری میں اور اس کی تگ و دو میں مصروف ہوجاؤ - یہ بنیادی پیغام ہے - نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ''الجمعۃ عیدلنا'' حضور نے فرمایا ہے کہ تمام ادیان اور مذہب کے ماننے کی خوشی اور خوشنودی کے اظہار کرنے کے طریقے ہوتے ہیں اور انہوں نے دن مقرر کئے ہیں کسی نے کوئی دن کسی نے کوئی دن ، تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ خدا نے ہم مسلمانوں کی اجتماعی خرشی اور آپس میں صلہ رحمی اور آپس میں اظہار اخوت اور اظہار محبت

[Maulana Abdul Hakim]

میل ملاپ اور اجتماعی دکھ دور کرنے اور ملت کے لیے سکھ سوچنے کے لیے خدا نے میری امت کے لیے جمعہ کا دن مقرر کیا ہے اور نماز جمعہ اسی اجتماعیت کا عملی صورت میں مظاہرہ ہے کہ نماز جمعہ میں امیر اور غریب کا کوئی فرق نہیں ہوتا جو پہلے آکر صف میں جہاں بیٹھ گیا ، اس میں عہدے کے اعتبار سے کوئی چھوٹے بڑے کا فرق نہیں ہوتا - سربراہ مملکت ، شہنشاہ وقت بھی اگر ہو اور وہ دیر سے آئے تو نماز جمعہ میں عملی مظاہرہ ہوتا ہے کہ جہاں اس کو جگہ خالی ملتی ہے وہاں وہ بیٹھتا ہے -

جناب چیئرمین ! ۱۸۵۷ء کے سانحہ کے بعد سے غیر ملکی سامراج اور ظالم حکمرانوں نے اپنے اس بین الاقوامی طریقے کے مطابق کہ جب یہ کسی ملک کو لے لیتے ہیں اور غلام بنالیتے ہیں تو اس ملک کے اصل وارثوں کی خصوصیات زندگی کو ہمیشہ مٹانے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کو ان خصوصیات زندگی کو مٹانا پڑتا ہے اگر ان کو نہ مٹایا جائے تو وہ قوم پھر زندہ رہ جاتی ہے یہ ایک دائمی بین الاقوامی اصول ہے - تو ان غیر ملکی ظالم سامراج نے جو اس ملک پر قابض تھا اس قبضے کے بعد انہوں نے بھی یہ ضرورت سمجھی کہ مسلمانوں کی جو ملی خصوصیات ہیں جن سے مسلم قومیت بڑھتی ہے ان کو مٹادو -

انہوں نے عربی رسم الخط اور فارسی رسم الخط اور زبان کو بھی اس وقت مٹایا ، پھر اسی طریقے سے ہوتے ہوتے یہ جو جمعہ کے دن کی تعطیل اور فراغت کا مسئلہ تھا ، جناب چیئرمین ! آپ تو جانتے ہیں کہ قدیم زمانے میں لوگ ، جو وسائل زندگی آج ہیں ان سے محروم تھے وہ اپنے ہاتوں سے کپڑے دھوتے تھے اور صابن کا یہ ذریعہ جو آج ہے اس زمانے میں نہیں تھا - اسی طریقے سے تمام و سائل یا آسائشات زندگی میسر نہ تھیں اور اس طرح سے پورا دن اپنی گھریلو زندگی کو سنوارنے اور اپنے جسم اور اپنے گھر اور ماحول کو سنوارنے پر لگ جاتا تھا ، غسل ، حجامت وغیرہ وغیرہ تیاری ہوتی تھی - اس لیے مسلمان جمعہ کے دن چھٹی کیا کرتے تھے - انگریزوں نے اس کو ہٹادیا - مقصد ان کا یہ تھا کہ مسلمانوں کا ملی تشخص ختم ہو جائے اور ان کا اپنا جو عبادت کا طریقہ تھا اس کو انہوں نے مسلط کیا تھا خیر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بدقسمتی یہ رہی کہ تقسیم سے پہلے دعوی اور پروپیگنڈا تو تھا کہ

جو خطہ وجود میں آئے گا اس میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسلام ہوگا اور اب جب وہ خطہ وجود میں آگیا تو جو داعی تھا جو لیڈر تھا اور جو کہان کررہا تھا اس کو تو قدرت نے موقع نہ دیا - ان کو درمیان سے اٹھالیا ، اس کے بعد ان کے نائب شہید ملت لیاقت علی خان مرحوم کو بھی اٹھالیا اور اس کے بعد فارسی کے ایک قول کے مطابق ، ملک بدست بچگان افتاد یعنی ، ملک کو بچوں کا کھیل بنادیا - اقتدار کی کرسی کے حصول کی خاطر راتوں رات پارٹی بن جاتی - سویرے وہ پارٹی آجاتی اور راتوں رات وفاداریاں تبدیل ہو جاتیں - اسی طرح ہوتے ہوتے اٹھائیس سال گذرگئے اور اسلام آج آئے گا اور اسلام کل آئے گا یہی کچھ ہوتا رہا۔ جناب من! حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسلام اور قرآن کے اسلام کو تو چھوڑ دیا اور کچھ لیڈروں نے جو اس کرسی کے خواہش مند ہیں - اس کرسی کے حصول کی اپنے وجود کو اسلام کر کے ہم سے منوانا شروع کردیا ، تو اسی صف میں یہ لوگ بھی ہیں بچارے جو اپنی کرسی کی خاطر اس جمعہ کے امن کے دن کو فساد کا دن بناتے ہیں - یہ جمعہ کا دن جس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ یوم العید ہے -

یہ خوشی کا دن ہے تو یہ لوگ اس کرسی کی خاطر اس دن کو یوم الحزن بناتے ہیں غم کا دن بناتے ہیں ، اس کو ماتم کا دن بناتے ہیں ، اس کو جلانے کا دن بناتے ہیں اور بنایا - یہ گذشتہ دو مہینوں سے ہو رہا ہے اور کل کے لیے پھر بھی پروگرام ہے یوم سیاہ منانے کا یعنی جمعہ یوم نورانیت ہے ، جمعہ یوم روشنی ہے ، جمعہ یوم عبادت ہے اور جمعہ یوم رضا الٰہی کا دن ہے اور جناب پیر صاحب فرماتے ہیں کہ کل ہم یوم سیاہ منائیں گے - تو جناب من ! بات یہ ہے کہ وہ اپنے آئینے میں دیکھ کر' کیونکہ وہ اپنے پاس پروگرام سارا سیاہ لیے ہوئے ہیں ، ایسا کرتے ہیں - لہذا جمعہ کے دن کو بھی یوم سیاہ بنایا ہوا ہے -

تو میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ جمعہ تو بہت مقدس دن ہے اس کی فضیلت پر ہم بحث نہیں کرتے ، بحث تو صرف اس پر کرتے ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی ، اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور ملک کے وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو کے ذریعے سے پاکستان میں جمعہ کی چھٹی کرانے سے بین الاقوامی اخوت ، اسلامی اخوت اور بین الاقوامی طور پر مسلمان بھائیوں کے ساتھ عملی طور پر اتحاد کی طرف

[Maulana Abdul Hakim]

ایک اور قدم کا اضافہ ہوگا ، کابل اور ایران سے لے کر مراکش تک اور تمام مسلمان ملکوں کے اندر ، چاہے وہاں جمہوریت کا نظام چل رہا ہے یا شخصی شہنشاہیت کا ، جمعہ کی چھٹی ہوتی ہے - وہ ہم سے زیادہ کاروباری ہیں - ان کے ہاں تیل نکلتا ہے وہ بکتا ہے ، ان کے ساتھ یورپی قوموں اور بڑی حکومتوں کا واسطہ ہے لیکن جمعہ کی چھٹی وہاں پہلے سے مروج ہے - تو اس جمعہ کی چھٹی کرنے سے ایک تو ہماری نئی پود کے ذہنوں میں یہ بات آئے گی کہ ہمارے مذہب کے لحاظ سے جمعہ کا دن عزت اور عظمت اور بزرگی والا دن ہے اتوار نہیں ہے - لہذا سامراج ذہن میں کمی ہوگی اور اسلامی اخوت میں اضافہ ہوگا - رضاالٰہی تو صرف اس کو ملے گی جو عبادت کرے گا اور جو لوگ جمعہ کی نماز کے وقت دوسرے کام کریں گے تو پھر جمعہ کی چھٹی سے ان کو کوئی فائدہ نہیں ملے گا ، خدا تو عبادت سے راضی ہوتا ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ اسلام صرف اس دعویٰ کا نام نہیں ہے جیسا کہ لوگ عوام کو دھوکا دے رہے ہیں اسلام عمل کا نام ہے اور عمل اس طریقے سے ہے ہوتا کہ اس آیت کریمہ کے تقاضے کے مطابق چھٹی کرکے نماز جمعہ کے وقت جمعہ کی نماز میں شامل ہو جائے اور خدا کی عبادت کی جائے - جناب چیئرمین ! میں اس سٹیج سے یہ جو ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے اس سے ملک کے عوام اور خصوصاً اسلام سے عقیدت رکھنے والوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے اس ملک کو آگ کا انگارہ اور فساد کا گہوارہ نہ بنائیں - اور پاکستان کی عزت اور پاکستان کے وقار کو جو خدا کے فضل و کرم سے پاکستان کو ملا ہے دشمنوں کی نگاہ میں اس کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہ کریں - اس کے ساتھ ساتھ میں یہ کوشش کروں گا کہ یہ سارا جو کچھ ہورہا ہے ہمارے لیڈر نے اس کے متعلق قومی اسمبلی میں اپنی رائے کا اظہار کیا تھا - ہمارے اپوزیشن کے ارکان کے اخبار کے پہلے صفحے پر جناب من ! وہ اقرار بھی چھپ گیا ہے کہ ہمارے تعلقات خواہ کیسے بھی ہوں لیکن ہم ایٹمی پلانٹ کے لگانے کے مسئلے میں پاکستان کی مخالفت کرتے رہیں گے - یہ خبر آج کے نوائے وقت میں باقاعدہ موجود ہے ، امریکہ کے آدمی کی طرف سے اور دوسری طرف سے سی آئی اے کی طرف سے جو کچھ چھپا ہوا ہے کہ وہ فرضی خطوط چھپوا چھپوا کر یہ سب حقائق آچکے ہیں یہ جمعہ کے دن کو یوم سیاہ منانے کی اپیلیں جو کچھ بھی ہورہا ہے یہ بالکل قوم کے خلاف ہے ، ملک کے خلاف ہے اسلام کے

خلاف ہے اور ہماری طرف سے اور ہماری پارٹی کی طرف سے اس بل کو پیش کر کے اخوت اسلامی میں اور اسلامی آئین کے تقاضوں اور دفعات میں ایک اور قدم کا مزید اضافہ ہو گیا ہے - خداوند قدوس ہمیں توفیق دے کہ پورے کا پورا اسلامی نظام دفعہ وار اس ملک میں نافذ ہوتا رہے - اور یہ سعادت ہمیں ، ہماری پارٹی اور ہمارے لیڈر کو خدا نصیب کرے اور خدا اس ملک کو ہر شر سے بچائے - آمین - میں اس بل کی پرزور تائید کرتا ہوں۔

**Mr. Chaiman :** Thank you. Yes, Mr. Fakhar Zaman.

**Mr. Fakhar Zaman :** This Bill is salutary, because of three reasons, and I would like to congratulate the Prime Minister and Chairman Zulfikar Ali Bhutto for this concrete step, firstly because it is a step forward towards the implementation of 'Nizame Mustafa', and secondly, it is designed to liquidate the vestises of imperialism that had been dished out to us in the form of holiday on Sunday, The concept of weekend or the Sunday is essentially an occidental concept, a bourgeois concept. Therefore, by declaring Friday a public holiday with effect from 1st July, the Peoples Government has, as I said, liquidated the imperialist legacies. Thirdly, the most important point that comes to my mind is that here before there used to be half day on Friday and full holiday on Sund ay, but now there will be holiday on Friday and, probably, as I think, there will be no half day. Therefore, the total working hours will increase by at least two to three hours. That means there will be more time to work and our efficiency will increase. Lastly, I would like to know for my own information from the Hon'ble Minister would this decision olso applyto the convents ? With that I fully support this Bill.

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Mr. Mahboob-ur-Rehman.

**جناب محبوب الرحمٰن :** جناب چیئرمین ! قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو نے اتوار کو چھٹی ختم کرکے نیشنل چھٹی جمعہ کے دن کرنے کا جو وعدہ کیا تھا وہ وعدہ آج پورا کیا جا رہا ہے اور وہ بل جناب وزیر قانون صاحب نے اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے - مجھ سے قبل معزز اراکین سینیٹ نے اس پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے - تو جناب والا ! میں تفصیل سے اس موضوع پر نہیں جاؤں گا البتہ یہ ضرور کہوں گا کہ جمعہ کو چھٹی کرنے سے انگریزوں کے طوق غلامی کی نشانی کے طور پر جو اتوار کو چھٹی ہوا کرتی تھی ، اس سے خلاصی ملے گی اور انگریز سامراج کی نشانی جو ۳۰ سال سے پاکستان میں باقی تھی وہ ختم ہو جائے گی - جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے وزیر قانون صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ جمعہ کی چھٹی کو جیسا کہ ابھی تک حزب اختلاف والے جمعہ کو بطور پروٹیسٹ ، احتجاج ،

[Mr. Mahboob-ur-Rehman]

ہنگامہ آرائی ، دنگا ، فساد استعمال کر رہے ہیں - احتجاج کے لیے استعمال نہ کیا جائے - اس میں کوئی ایسی ترمیم بھی کی جائے جس سے جمعہ کے مقدس دن کا تقدس قائم رہے اور اسے ان ہنگاموں، فسادات اور ایجیٹیشن کے لیے استعمال نہ کیا جائے - بلکہ اس کو صرف عبادت اور آرام کے لیے ، جس مقصد کے لیے جمعہ کو چھٹی دی جا رہی ہے اسی مقصد کے لیے ہی استعمال کیا جائے تو ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پرزور تائید اور حمایت کرتا ہوں -

Mr. Chairman. Yes, Khalid Khan.

جناب محمد خالد خان : جناب چیئرمین ! اس بل کے آنے سے اور خصوصاً جمعہ کے دن کو سرکاری چھٹی کے طور پر منانے کے بل کو ایک اہم اور صحت مند قدم قرار دیا جا سکتا ہے - جناب والا ! یہ مشرق کے فکر کی جیت ہے ، یہ اس دیس کے فکر کی جیت ہے اور یہ سامراجی اور مغربی دنیا کی برتری کے خلاف ایک مثبت قدم ہے - جناب والا ! اس ملک کی یہ بدقسمتی رہی ہے کہ جو بات ، جو فکر ، جو چیز مغرب سے آتی ہے اسے بہتر سمجھا جاتا ہے اور جو باتیں ہماری اپنی ثقافت سے متعلق ہیں ، اپنی جد و جہد سے متعلق ہیں جو ہمارے کلچر کی عکاسی کرتی ہیں ان کو کم تر سمجھا گیا اور یہ جناب والا ! مشرق کے فکر کی شکست ہے - اس ملک میں سامراج کے باقیات جو رہے ہیں ان میں سے ایک بقایا جو سنڈے کو چھٹی منائی جاتی ہے یہ کم از کم ختم ہو گیا ہے اگرچہ اور بھی بہت سے مثبت اقدام اٹھائے گئے ہیں لیکن یہ بھی ایک مستحسن قدم ہے اس لیے کہ یہ مشرق اور مغرب کے مقابلے میں مشرق کی جیت ہے کیونکہ اسلامی فکر اور فکروں کے مقابلے میں آگے بڑھی ہے - یہ ایک خوش آئند قدم ہے -

جناب والا ! مجھے فخر ہے کہ بلوچستان کے مزدور ، جو کانوں میں کام کرتے ہیں ، ٹیوب ویل نصب کرتے ہیں ان کے لیے کنویں کھودتے ہیں ، کئی سالوں سے جمعہ کو چھٹی منا رہے ہیں - ان کی چھٹی جمعہ کو ہوتی ہے - انہوں نے ہمیشہ مشرق کی فکر اپنائی ہے اور ہمیشہ جمعہ کو آرام کیا ہے اور جمعہ ہی کو چھٹی کے طور پر منایا ہے - اس نقطہ نظر سے یہ ایک خوش آئند بات ہے -

جناب والا ! جمعہ کا مبارک دن بہتری کے لیے ، تعمیری کاموں کے لیے ، عبادت کے لیے ہے ۔ مگر افسوس کا مقام ہے کہ جمعہ کی دن عوام کے معصوم جذبات سے کھیلا جاتا ہے اور جمعہ کے دن کو ہنگامہ آرائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو قابل مذمت بات ہے ۔ جناب والا ! یہاں اس ملک کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ مذہب کو ہمیشہ جابر ، ظالم اور اوپر کے طبقوں کے مفادات کی بہتری کے لیے استعمال کیا گیا ہے جب کہ اسلام کھلے بندوں غریب اور مظلوم عوام کی حمایت کرتا ہے ۔ جناب والا ! حضرت شاہ ولی اللہ کا قول ہے کہ ہمارے پیغمبر اس لئے وجود میں آئے ، اس لیے وہ پیدا ہوئے کہ اور باتوں کے علاوہ وہ قیصر و کسریٰ کی عمارتوں اور محلات کو کھنڈرات بنائیں اور جو مظالم روم میں قیصر و کسریٰ کے دور میں ہوتے رہے ہیں ، جو وہاں کی سوسائیٹیز میں ہوتے رہے ہیں ، ان کو روکیں اور دنیا کے مظلوم عوام کو بہتری کا پیغام دیں ، کسی کے ساتھ ظلم نہ ہو ، نا انصافی نہ ہو ۔ ہر ایک کو برابری کا پیغام دیں ۔

اب جناب والا ! میں اس بل کی اس نکتہ نظر سے حمایت کرتا ہوں کہ سامراج کے باقیات میں تخفیف ہوئی ہے ۔ وہ اب آہستہ آہستہ اس ملک سے ختم ہو جائیں گی ۔ اس میں ہماری اپنی کلچر کی عظمت ہے یہ ہمارے دیس کی بات ہے یہ اس بہتری کے خلاف ایک قدم ہے جو ویسٹ کو حاصل رہی ہے ۔

**Mr. Chairman :** Yes, Mian Mohammad Iqbal.

**میاں محمد اقبال :** جناب والا ! یہ قدرتی بات ہے کہ ہر ایک مسلمان اس قدم کو مبارک سمجھے گا کہ یکم جولائی سے سرکاری طور پر چھٹی جمعہ کی تصور کی جائے گی ۔ اس سلسلے میں ، میں زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ میرے دوستوں نے اس پر بہت کچھ کہا ہے ۔ میں بھرپور طریقے سے اس کی تائید کرتا ہوں اور تمام مسلمان اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ وزیر اعظم بھٹو نے ایک مبارک اور احسن قدم اٹھایا ہے ۔ اس سلسلے میں اگر میں ارریلےونٹ تصور نہ کیا جاؤں تو میرے دوستوں نے نظام مصطفیٰ کی ترکیب کو ، لفظ کو بار بار دھرایا ہے نیشنل اسمبلی میں بھی دوستوں نے بھی اس کا ذکر کیا ہے اور دھرایا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہم ایسا کر کے ایسا محسوس کرتے ہیں کہ ہم ان کو یعنی حزب اختلاف کو فالو کر

[Mian Muhammad Iqbal]

رہے ہیں جس طرح کہ ہم اسلام نہیں چاہتے تھے جب انہوں نے نظام مصطفیٰ کا نعرہ لگایا تو ہم نے بھی وہی نعرہ لگانا شروع کر دیا ۔ لیکن جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ سب سے پہلے ہم نے ''اسلام ہمارا دین ہے'' کا نعرہ اپنے منشور میں دیا تھا اور اس پروگرام کا ہم نے جو ترجمہ دیا ہم نے اردو ترجمہ اسلامی نکتہ نظر سے ''مساوات محمدی'' کیا ہے تکلیف مخالف جماعتوں کو ، رجعت پسند طاقتوں کو صرف لفظ مساوات سے ہے ، محمد کے لفظ سے نہیں ہے کیونکہ وہ اس کا ترجمہ ''نظام مصطفیٰ'' کرتے ہیں ۔ تکلیف تو ان کو صرف مساوات کے لفظ سے ہے تو پھر کیوں اتنے مدافعانہ انداز میں بار بار اس لفظ کو استعمال کرتے ہیں جو انہوں نے کیا ہے ہمارا نظام حضرت محمد رسول اللہ کا نظام ہے جنہوں نے اس دنیا کو یہ نظام دیا لیکن اس کے باوجود ہم اپنی ترکیب کو کیوں چھوڑ رہے ہیں آج بھی جناب والا ! میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ممبران سے ، آپ کی وساطت سے درخواست کروں گا اور ان سے کہوں گا جب بھی وہ اشارہ کریں ، مساوات محمدی کی طرف اشارہ کریں کیونکہ وہاں پانی مرتا ہے حزب مخالف والے سرداری نظام کو قائم رکھنا چاہتے ہیں ۔ جاگیرداری نظام کو قائم رکھنا چاہتے ہیں نظام مصطفیٰ تو ایک ہی ہے جس کو ہم بھی اسلام کہتے ہیں اور وہ بھی اسلام کہتے ہیں لیکن ان کا اسلام امریکن اسلام ہے وہ صحیح اسلام نہیں ہے میں معذرت خواہ ہوں کہ میں نے اس چیز کی وضاحت کے لیے اتنا وقت لیا ۔

جناب والا ! دوسری بات جو میرے دوست فخر زمان نے کہی وہ یہ ہے کہ جو پونے دو گھنٹے دفتروں کا ہر ہفتے میں ٹائم بڑھا ہے اس سے افیشینسی بڑھے گی ۔ لیکن میں اپنے نکتہ نظر سے عرض کرتا ہوں کہ سرکاری افسران یا ملازمین جو ہم سے ملتے جلتے ہیں جو اس سوسائٹی کا حصہ ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جو پونے دو گھنٹے کا دفتروں کا ٹائم بڑھا ہے یہ ہمارے ساتھ زیادتی ہے انصاف نہیں ہوا ہے کیونکہ کام کی کارکردگی بڑھانے کے لیے باقی قوموں نے جنہوں نے ترقی کر لی ہے ، ٹائم کم کر دیا ہے تاکہ ایفیشنسی بڑھے لیکن یہ حقیقت ہے کہ ہمارا ملک ابھی ترقی یافتہ نہیں ہے ہمیں زیادہ محنت کی ضرورت ہے ۔ لیکن ملازمت پیشہ افراد کا اپنا ذہن ہے ان کی اپنی ایک اپروچ ہے وہ سمجھتے ہیں کہ جب زمانہ ترقی کر رہا ہے تو ہمارے

اوقات کار میں بھی کمی ہونی چاہئیے تاکہ زیادہ ایفیشنسی بڑھے یہ ان کا نکتہ نظر ہے اس کو آپ ملاحظہ فرما لیں اور پھر اس کا جواب چاہوں گا ۔

جناب والا ! تیسری بات یہ ہے کہ منیارٹی کے میرے خیال میں یہاں نمائندے نہیں ہیں ، خاص طور پر عیسائی کمیونٹی کے ' جیسے ہمیں آدھی چھٹی ہوتی تھی

جناب والا ! تو ساڑھے بارہ بجے چھٹی کر کے جمعے کی نماز جلدی جلدی پڑھ لیتے ہیں لیکن یہ ایک اسلامی مملکت ہے اور اس میں جمعے کی چھٹی ضرور ہونی چاہئیے تھی مگر یہ افسوس کی بات ہے کہ آج تک پہلی حکومتوں نے یہ ضروری اقدام نہیں اٹھایا ۔ اس کے ساتھ ساتھ جیسے کہ اسلامی مملکت کی یہ روایت ہے اور ان کا یہ اصول ہے اور اسلامی قانون کے مطابق ہمیں اقلیتوں کے ساتھ انصاف کرنا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم انوار کو آدھی چھٹی بھی کر دیں تو میرے خیال میں اس سے زیادہ اور رعایت نہیں ہو سکتی کیونکہ اگر ہفتے کو چھٹی کریں تو دو چھٹیاں تو نہیں ہو سکتیں اور ہم آدھی چھٹی کر دیں تو عیسائی کمیونٹی کی عبادت کا وقت گزر جائے گا چونکہ صبح کا وقت ان کی عبادت کا ہوتا ہے ۔ اس سلسلے میں جناب چیئرمین ! میں آپ کی وساطت سے وزیر موصوف سے یہ گزارش کروں گا کہ اس کا جواب دیں کیونکہ اگر انہوں نے ان کے لیے کچھ کرنا ہوتا تو اس کے ساتھ ہی کوئی بات آ جاتی اور میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں عیسائی کمیونٹی کافی تعداد میں ہے اور اگر ان کے متعلق وضاحت ہو جاتی تو وہ اس سے مطمئن ہو جاتے ۔ آخر میں ایک بار پھر اس بل کی حمایت کرتا ہوں اور جناب چیئرمین ! میں آپ کی وساطت سے وزیر صاحب کو اور جناب ذوالفقار علی بھٹو کو مبارکباد دیتا ہوں کہ یہ بڑا احسن قدم ہے اور یہ مسلمانوں کے لیے مبارک دن ہے ۔

(اس مرحلے پر حاجی نعمت اللہ خاں اور محمد سلیم خاں تقریر کرنے کے لیے کھڑے ہوئے)

**جناب چیئرمین :** حاجی نعمت اللہ صاحب ! میرے خیال میں وہ آپ سے پہلے اٹھے ہیں ۔

Yes, Mohammad Salim Khan.

**جناب محمد سلیم خاں :** جناب چیئرمین ! سامراجی ممالک کی یہ روائت رہی ہے کہ وہ مکاری اور عیاری سے جب بھی غریب ممالک پر قابض ہوئے تو انہوں نے یہ کوشش کی کہ ان غریب ممالک میں بسنے والے لوگوں کی روایات کو ان کے کلچر کو

[Mr. Muhammad Salim Khan]

مسخ کر کے ان کی جگہ اپنی روایات اور اپنے کلچر کی بالادستی قائم کی جائے ۔ ہم بھی ایک سامراجی قوت کے ایک استعماری قوت کے بڑے عرصے تک غلام رہے ہیں اور اس سامراجی قوت کی اپنی چال بازیوں ، مکاریوں اور عیاریوں کا ہی نتیجہ ہے کہ ہمارا اپنا کلچر اور ہماری اپنی روایات بہت ساری پس پشت چلی گئی ہیں اور ان کی جگہ ان سامراجی روایات اور ان کے کلچر نے لے لی ہے ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ آزادی کے فوراً بعد ہمیں اس بات کی بھی جد و جہد کرنی چاہئیے تھی اور اس بات کی بھرپور کوشش کی جاتی کہ سامراج کی چھوڑی ہوئی روایات اور ان کے کلچر کو جلد سے جلد اس ملک سے ان سامراجیوں کی طرح نکال باہر پھینکا جاتا تاکہ ہمارے لوگ جو جسمانی طور پر تو آزادی حاصل کر چکے تھے انہیں اس بات کا احساس دلایا جاتا کہ وہ اپنے آپ کو ذہنی طور پر بھی آزاد محسوس کرتے اور ہم اپنے ملک کی تعمیر اپنی روایات اپنے سماج اور اپنے کلچر کی بنیاد پر کرتے لیکن بد قسمتی یہ رہی ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے برسراقتدار آنے سے پہلے اس اہم چیز کی طرف کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم آزادی حاصل کرنے کے باوجود سامراج کے کسی حد تک غلام رہے ۔ ذہنی طور پر غلام رہے اور صرف ذہنی غلامی کی وجہ سے ہم نے یہ سوچا کہ ہم سامراج کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے ۔ اسی ذہنی غلامی کا ایک نتیجہ تھا کہ ہم معاشی طور پر بھی سامراج کے دست نگر رہے ۔ جب تک ہمارا ذہن سامراج کی غلامی سے آزاد نہ ہو جائے اور جب تک ہم اپنی سوچ ، اپنے کلچر اور اپنے طور پر زندہ رہنا نہ سیکھیں اس وقت تک ہم سامراج سے صحیح طور پر آزادی حاصل نہیں کرتے ۔ اس وقت تک ہم صحیح طور پر آزاد نہیں ہوں گے جب تک ہمارا رہنا ، ہمارا کھانا ، ہمارا پینا اور ہمارا جینا ہمارے اپنے انداز سے نہ ہو ، اپنے طور پر اور اپنے طریقے سے نہ ہو ۔ میں اس بل کو قابل مبارکباد سمجھتا ہوں کہ اس نے ہمیں اپنے طور پر جینے ، اپنے طور پر رہنے اور اپنے طور پر چھٹی منانے کی روایت کو زندہ کیا ہے ۔ میں اس موقع پر جناب وزیر قانون سے ایک اور اپیل بھی کروں گا کہ جناب والا ! آج بھی اس ملک میں جنرل لارنس کے نام کی سڑکیں موجود ہیں یا ہمارے ملک میں وہ یادگاریں موجود ہیں جو سامراجی دور سے وابستہ ہیں ۔ میں جناب وزیر صاحب سے اپیل کروں گا کہ وہ ایک وفاق

قانون کے ذریعے ان اداروں میونسپل کارپوریشنوں اور کنٹونمنٹ بورڈ جو سڑکوں کے نام رکھتے ہیں انہیں اس بات کی ہدایت کی جائے کہ وہ اپنے ماتھے پر سامراجی دور کی غلامی کا کلنک کا ٹیکہ مٹا کر جلد سے جلد اپنے محسنوں اور ان شخصیتوں کے نام سے ان سڑکوں کو موسوم کریں جنہوں نے یقیناً ان سامراجیوں سے زیادہ احسن اور اچھے کارنامے انجام دیئے تھے ۔

جناب چیئرمین : حاجی صاحب وہ آپ سے پہلے اٹھے ہیں اس کے بعد آپ کی باری ہے ۔

Yes, Syed Murad Ali.

سید مراد علی شاہ : جناب چیئرمین ! بل نہایت مختصر ہے اس لئے میں بھی یہی کوشش کروں گا کہ چند الفاظ میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ جناب والا ! روز جمعہ کی اہمیت یا اس کا تقدس ہر مسلمان جانتا ہے اور ہر مسلمان اس کی اہمیت اور عظمت جانتا ہے میرے نزدیک اگر سامراجیوں نے جمعہ کی بجائے اتوار کو چھٹی کا دن مقرر کیا ہے یا کیا تھا تو اس کے باوجود جمعہ کے دن کی اہمیت یا اس کے تقدس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا ۔ اس کی اہمیت ، اس کا تقدس یا اس کی عظمت ہمارے مسلمانوں کے سامنے وہی رہی ہے جو آج ہے لیکن چونکہ ان کے لیے اتوار ایک اہم دن تھا یا ان کے اپنے ملک میں اتوار ایک اہم دن تھا اس لیے انہوں نے اس طرح فائدہ اٹھایا اور ہمارے ملک میں بھی اتوار کو چھٹی کا دن مقرر کیا لیکن ہمیں اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے ملک کے حالات کو دیکھتے ہوئے آج سے کئی سال پہلے جمعے کے دن کو چھٹی کا دن مقرر کرنا چاہئے تھا ۔ ہمیں فخر ہے کہ آج ہماری حکومت نے وہ کر دکھایا جو اس سے پہلے حکمرانوں کو کرنا چاہیے تھا ۔ اس سے سب سے زیادہ فائدہ یہ بھی ہے کہ پورے ملک میں ایک یونیفارمٹی مقرر ہوگی حالانکہ اس سے پہلے سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ اگر کراچی کا مارکیٹ اتوار کو بند ہوتی تھا تو سکھر کا مارکیٹ جمعے کو بند ہوتی تھا اور اسی طرح کئی دوسرے شہروں میں کہیں جمعے کو چھٹی کرتے ہیں کہیں اتوار کو چھٹی کرتے ہیں مگر عام لوگوں کو ، تاجر لوگوں کو اس سے کافی پریشانی ہوتی ہے ۔ بالفرض اگر کراچی والا تاجر کسی اور شہر میں جاتا ہے تو یہی اس کے ذہن میں ہوتا ہے کہ وہاں اتوار کو چھٹی ہوگی اور وہ اس خیال سے آتا ہے لیکن وہاں

[Syed Murad Ali Shah]

مارکیٹ جمعے کو بند رہے تو بلا وجہ اس کا ٹائم جو سارا اپ سیٹ ہو جاتا ہے اور اس کو اضافی طور پر خرچ کا بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے - یہ بھی ایک اہم فائدہ اس سے ہوا ہے کہ پورے ملک میں ایک ہی دن چھٹی ہوگی جس سے تاجروں اور عوام کو بھی فائدہ پہنچے گا میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور سارے اراکین سینیٹ اس چیز سے متفقہ ہیں -

جناب چیئرمین : شکریہ - حاجی نعمت اللہ -

حاجی نعمت اللہ خان : جناب چیئرمین ! جمعے کی چھٹی جس کا اعلان قائد عوام پہلے کر چکے ہیں نظام شریعت کی طرف ایک احسن قدم ہے جس کے لیے پیپلز گورنمنٹ مبارکباد کی مستحق ہے - جمعے کی عظمت اور احترام کے متعلق رسول کونین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے متعدد احادیث بیان کی ہیں کہ یہ تمام مسلمانوں کے لیے مبارک دن ہے - اس سے پہلے انگریزوں کے دور میں چھٹی اتوار کو ہوا کرتی تھی جو کہ اسلامی روایات کے بالکل متضاد تھی اور آج سے تیس سال پہلے کسی حکومت کو بھی یہ شرف حاصل نہیں ہو سکا کہ وہ اسلامی روایات کی طرف کوئی اقدام کریں - اس جمعے کے روز چھٹی کرنے سے تمام مسلمان ممالک کے تمام مسلمانوں کے اتحاد اور اتفاق کی جانب ایک سب سے اچھا قدم ہے -

جس طرح نماز جمعہ کے لیے یا حج بیت اللہ شریف میں تمام مسلمان اکٹھے ہو کر مکہ معظمہ میں آتے ہیں - اسی طرح اگر تمام مسلم ممالک میں ایک ہی دن چھٹی ہو جائے تو اس سے بھی اتفاق اور اتحاد کا سبق تمام مسلمانوں کو ملتا ہے - میں مختصر الفاظ میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور موجودہ پیپلز گورنمنٹ کو مبارکباد دیتا ہوں -

جناب چیئرمین : آپ نے آج کوئی شعر نہیں پڑھا ؟ کل تو آپ نے اقبال کا ایک شعر پڑھا تھا - فرمایئے راؤ صاحب -

راؤ عبدالستار : (قائد ایوان) جناب چیئرمین ! موجودہ بل جو اس معزز ایوان میں زیر بحث ہے وہ بھی اس منزل کی طرف ایک قدم ہے جس منزل کی نشاندھی شاعر مشرق علامہ اقبال نے کی ، قائداعظم نے کی - پاکستان جناب والا ! ایک نظریاتی

مملکت ہے - یہ مملکت ایک خاص مقصد کے لیے بنائی گئی ہے - اس کے لیے غریب عوام مظلوم عوام ، مسلمانوں نے بے حد قربانیاں دی تھیں جو چاہتے تھے کہ ہر شعبہ زندگی اسلامی سانچے میں ڈھل جائے ، افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے جناب چیئرمین ! کہ تیس سال کے عرصے میں اسلام پسند قوتیں جو برسراقتدار آئیں ان کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ وہ جمعہ کو چھٹی کرسکیں - خدا کے فضل سے عوامی حکومت ، ہمارے قائد ، اس مرد قلندر ، مرد مجاہد نے یہاں اسلام کی خدمت کے لیے اس منزل تک پہنچنے کے لیے جس کے لیے پاکستان بنایا گیا تھا - پاکستان کو صحیح اسلامی مملکت بنانے کے لیے اقدامات کئے جو کہ اس دنیا کو موجودہ دور میں یہ سبق دے سکے کہ ساری موجودہ برائیوں کا حل اسلام میں موجود ہے - ہم اس دنیا کو دکھانا چاہتے ہیں اور ایک ایسے معاشرے کی تشکیل چاہتے ہیں جس میں غربت نہیں ہوگی - جس میں افلاس نہیں ہوگا ، جس میں ناخواندگی نہیں ہوگی ، ناہمواری نہیں ہوگی لیکن افسوس آج تک جو اسلام پسند تھے ، جو بھی برسراقتدار آئے انہوں نے صرف اپنی کرسیوں کی اور صرف اپنا پیٹ بھرنے کی فکر کی - اپنے دوستوں اور عزیزوں کی مالی امداد کی - جب سے پیپلز پارٹی ، جناب چیئرمین ! برسراقتدار آئی ہے اس نے سب سے پہلے اسلامی آئین اس ملک کو دیا - اس کے بعد جناب والا ! سیرت کانفرنس منعقد کروائی - اس کے علاوہ جناب والا ! پیپلز پارٹی نے برسراقتدار آنے کے بعد اسلامی سربراہی کانفرنس منعقد کرائی اس کے بعد ہمارے قائد عوام نے جمعہ کو ، جس کے لیے ہر مسلمان کے دل میں ایک خاص مقام ہے جو ایک مقدس دن ہے - اس کے تقدس کو ملحوظ رکھتے ہوئے انہوں نے اپنی پریس کانفرنس میں فرمایا تھا کہ یکم جولائی سے جمعہ کو تعطیل ہوا کرے گی اور آج کا یہ بل اس حکم کو عملی جامہ پہنانے کے لیے پیش کیا گیا ہے - لیکن جناب چیئرمین ! افسوس ہے کہ اسلام پسند ہونے کے جو موجودہ دعویدار ہیں آج مسلمانوں کے جمعہ کے دن کی تقدس کا کوئی لحاظ نہیں رکھتے وہ جمعہ کو خاص طور پر بیٹھ کر سازشیں کرتے ہیں اور یہ سازشیں حکومت اور عوام کے خلاف ہوتی ہیں - وہ اس قسم کے منصوبے بناتے ہیں کہ فلاں عوام دوست آدمی کے گھر کو جلایا جائے اس کو نقصان پہنچایا جائے - جناب چیئرمین ! اسلام سلامتی کا درس دیتا ہے اسلام صلح کا درس دینا ہے لیکن افسوس ہے ان لوگوں پر جو یہ نہیں چاہتے کہ پاکستان مضبوط ہو ، پاکستان خوشحال ہو وہ ان سازشوں میں مبتلا ہیں اور دن رات نئے سے نئے منصوبے

[Rao Abdus Sattar]

بنا رہے ہیں آج ہمیں خوشی ہے کہ ہم یکم جولائی سے جمعہ کے دن چھٹی کر رہے ہیں - یہ بھی ہماری موجودہ عوامی حکومت کو توفیق ہوئی ہے کہ جمعہ کو چھٹی منائی جائے اور وہ سرکاری طور پر ہوگی اس طرح اس کی عظمت کو اس کے تقدس کو اور زیادہ اجاگر کیا جائے گا - لوگوں کو اس کی اہمیت کا درس دیا جائے گا کہ جمعہ کو ہم اس لیے اکٹھے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے مقامی مسائل آپس میں بیٹھ کر حل کریں - ہم میں بھائی چارہ ، اخوت پیار اور محبت بڑھے لیکن افسوس کہ جو لوگ اسلام پسند ہونے کے دعویدار ہیں وہ اس کا تقدس ختم کر رہے ہیں - میں بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور حمایت کرتا ہوں - جناب والا ! شکریہ -

**جناب چیئرمین :** میرے خیال میں کافی تقریریں ہو چکی ہیں - قاضی صاحب اٹھ کر فرمائیے جو کچھ کہنا چاہتے ہیں اٹھ کر کہیے -

**قاضی فیض الحق :** اگر آپ اجازت دیں تو میں بھی کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** میں نے آپ کو منع نہیں کیا - میں نے کہا ہے کہ کافی تقریں ہوچکی ہیں - اگر آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں تو تقریر کریں -

**قاضی فیض الحق :** جب قائد ایوان نے تقریر کر لی ہے تو میرے خیال میں - - - -

**جناب چیئرمین :** قائد ایوان کے تقریر کرنے کے بعد کوئی بندش تو نہیں ہے کوئی بین تو نہیں ہے -

**قاضی فیض الحق :** میں ایک دو منٹ کے لیے عرض کروں گا -

**جناب چیئرمین :** فرمائیے قاضی صاحب -

**(مداخلت)**

**قاضی فیض الحق :** کسی نے کہا ہے کہ فتویٰ دے دیں - میں نے کہا کہ میں فتویٰ دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوں -

**جناب چیئرمین :** یہ تو مولوی صاحب نے کہا تھا - آپ نے مولوی صاحب

کو چھیڑا کہ فتویٰ دے دیں انہوں نے کہا کہ قاضی فتویٰ دیا کرتے ہیں ۔ آپ بھول گئے ہیں ؟ جب مولانا صاحب تقریر کر رہے تھے تو آپ اس میں مخل ہوئے اور آپ نے ان کو کہا کہ فتویٰ دے دو تو انہوں نے کہا کہ فتویٰ تو قاضی صاحب دیا کرتے ہیں ۔ ٹھیک ہے نا ؟

**قاضی فیض الحق** : ٹھیک ہے لیکن میں اس وقت فتویٰ کی گدی پر نہیں بیٹھا ہوا ہوں ۔ اگر مجھے اختیار دیا جائے تو میں انشاء اللہ فرسٹ کلاس فتویٰ دے دوں گا ۔

**جناب چیئرمین** : فرمائیے ۔

**قاضی فیض الحق** : جناب والا! پیپلز پارٹی کی عوامی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد اس طرح کے بہت سے اصلاحی اقدامات کیے گئے ۔ گذشتہ پچیس چھبیس سال کے عرصہ میں وہ لوگ جو اپنے آپ کو اسلامی نظام کے دعویدار سمجھتے تھے ان کو یہ توفیق نصیب نہ ہوئی کہ وہ اس قسم کی اسلامی فکر کی ترویج کے لیے اس ملک میں کچھ اقدامات کرتے تاکہ ان کو ایک اسلامی ملک کے باشندے کہلانے پر فخر حاصل ہوتا ۔ جس چھٹی کے متعلق عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ اتوار کی بجائے جمعہ کو چھٹی ہونی چاہئے اس کے لیے ملک کو پہلے اسلامی ذہن دینا چاہئے اور پاکستانیوں کو اس قابل بنانا چاہیے کہ جس نعرے کے نام پر ہم نے یہ پاکستان حاصل کیا ہے اس کے مطابق اپنی زندگیاں بسر کریں ۔ صرف اتوار کی بجائے جمعہ کو چھٹی کرنے سے میرے خیال میں بہت کم لوگ مسلمان ہوں گے اور اس کے تقدس اور اس کی عظمت کا اقرار کریں گے ۔ پہلے تمام سرکاری ادارے اور اس سے ملحقہ ادارے اتوار کو بند ہوتے تھے اور وہ اتوار کا دن پکنک و دیگر خرافات وغیرہ میں گزارتے تھے جمعہ کے دن کے متعلق مولانا عبدالحکیم صاحب نے فرمایا اور وزیر قانون صاحب نے بھی اپنی تقریر میں کہا کہ قرآن شریف میں خدا تعالیٰ کا حکم ہے کہ جمعہ کی نماز کے لیے جس وقت بلایا جائے اس وقت تمام کاروبار بند کرکے جمعہ کی نماز ادا کرنے کے لیے پہنچو ۔ میری عرض یہ ہے کہ چونکہ جمعہ کا دن چھٹی کے لیے آج مقرر کیا جا رہا ہے تو وہ لوگ جو اتوار کو خرافات اور پکنک وغیرہ میں گزارتے تھے اب چونکہ جمعہ کو چھٹی ہوا کرے گی تو لوگ اب جمعہ کا دن ان چیزوں میں گزارا کریں گے ۔ اس دن کے متعلق تقدس ان کے ذہن

[Qazi Faizul Haque]

میں بھی آپ نے پیدا کیا ہے یا نہیں ۔ اس لیے اس کے مختلف اور باریک پہلوؤں پر بھی نظر رکھنی چاہیے ۔

جہاں تک عوامی حکومت کے ان اقدامات کا تعلق ہے ۔ وہ تو اب پچھلے پانچ سال سے اظہر من الشمس ہے پیپلز پارٹی پر مولویوں نے کفر کا فتویٰ لگایا تھا اور فتویٰ اخبارات میں چھپا تھا یہ بات آج تک اخباروں کے ریکارڈ پر ہے ۔ اس کو کوئی زیادہ عرصہ نہیں گزرا ہم پیپلز پارٹی کے تمام کارکن کافر گردانے جاتے تھے ۔ تو ہمارے دور حکومت میں، عوامی دور حکومت میں جو کچھ بھی اصلاحات اسلامی طرز فکر کو لانے کے لیے کی گئیں اور اسلام کی خدمت کے لیے جو کچھ کیا گیا انہوں نے اسے اب تک نہیں مانا ہے ۔ وہ عناصر اب تک موجود ہیں ۔ تمام مسجدوں میں وہ علماء اور ان کے ہزاروں پیروکار موجود ہیں ۔ ان کے ہوتے ہوئے کیا آپ یہ امید رکھ سکتے ہیں کہ جمعہ کے تقدس اور جس نکتہ نظر سے جمعہ کی چھٹی لائی جا رہی ہے وہ برقرار رکھا جائے گا ۔ علماء جو کہ مسجدوں کے انچارج ہیں، ہر جمعے کو ان کے ہاں جمعہ پڑھنے کے لیے لوگ جمع ہوتے ہیں اور انہوں نے مسجدوں کے تقدس کو پامال کیا ہے اور اس حد تک پامال کیا ہے کہ جمعہ کی نماز پڑھنے کے لئے آج لوگ نہیں جاتے کیونکہ وہاں سیاسی تقریریں ہوتی ہیں ۔ دنگا فساد ہوتا ہے، وہاں سے جلوس نکلتے ہیں ۔ وہاں سے اسلامی حکومت کے خلاف غداری کا سبق دیا جاتا ہے، کیا حکومت نے اس طرف بھی نظر دوڑائی ہے کہ اس برائی کو جڑ سے اکھاڑیں تاکہ یہ جو علماء سوء ہیں انہوں نے ہم پر فتوے لگائے تھے وہ بھی اب ہنستے ہیں اور کہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی والے کیا کر رہے ہیں ۔ پرسوں ایک آدمی نے مجھے کہا کہ ایک مثال ہے کہ کسی کے ایمان پر کسی کو شبہ تھا اور وہ مرید پکڑ رہا تھا تو عرض یہ ہے کہ یہ بل پیش کرنے سے کیا ہو گا ۔ جب وہ عنصر وہاں پر موجود ہے جو کہ آپ کے ایمان پر شک رکھتا ہے ۔ پہلے تو آپ ان سے اپنے آپ کو منوالیں کہ ہم مسلمان ہیں اور آپ غلط راستے پر ہیں ایک اسلامی حکومت کے خلاف غداری کا سبق دینے والوں کو جب تک سزا نہیں دی جاتی جب تک ان کو بر سر عام پھانسی پر نہیں لٹکایا جاتا اس وقت تک پبلک کے ذہن سے یہ بات نہیں جائے گی ۔ آپ نے جمعہ کی چھٹی کرا دی، سارے لوگ جمعہ پڑھنے جائیں گے اور

پھر آپ کے خلاف ، اس اسلامی حکومت کے خلاف وہ لوگ یعنی علماء لوگوں کے ذہنوں میں زہر بھرتے رہیں گے ۔ تو میں جناب وزیر قانون صاحب کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا تھا کہ ان باریک پہلوؤں کی طرف بھی وہ توجہ فرمائیں ۔ صرف چھٹی کے دن کا اعلان کرنے سے اسلام اس ملک میں نہیں پھیلے گا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** ان الفاظ کے ساتھ آپ اس بل کی تائید کرتے ہیں یا مخالفت کرتے ہیں ؟

**قاضی فیض الحق :** جناب تائید کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ نے یہ نہیں کہا ، آپ نے کہا ان الفاظ کے ساتھ میں تقریر ختم کرتا ہوں ۔ آپ نے لفظ ''تائید'' یا ''مخالفت'' نہیں کہا ۔

**قاضی فیض الحق :** جناب اس بل کی میں پر زور تائید کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ۔ مس آصفہ فاروقی ۔

**مس آصفہ فاروقی :** جناب چیئرمین ! آج کا یہ بل عوام کے ایک دیرینہ مطالبے کو پورا کرتا ہے ۔ تاریخ اسلام کے اوراق آج کے دن کے تقدس کو ظاہر کرتے ہیں کہ جمعے کا دن کتنا مبارک دن ہے ۔ اور جناب چیئرمین ! اتوار کی چھٹی یہ ظاہر کرتی تھی کہ یہ قوم دو سو سال تک انگریز سامراج کی غلام رہی ہے ۔ جناب چیئرمین ! ہمارے وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو نے برسر اقتدار آکر انگریز سامراج کے بچے کھچے باقی ماندہ جتنے نشانات تھے، خاص طور پر سرداری نظام کی شکل میں ، جاگیرداری نظام کی شکل میں کہیں زرعی اصلاحات کر کے انگریزوں کے وقت کے جاگیرداروں کی جاگیریں ختم کر کے غریب عوام اور کاشت کاروں اور مزارعوں میں تقسیم کیں ۔ تو کہیں سرداری نظام کو ختم کر کے غریب عوام پر یہ ظاہر کیا کہ اب وہ کسی سردار کے محتاج نہیں ہیں کسی کے ماتحت نہیں ہیں ۔ آج کا یہ جو بل ہے یہ ثابت کرتا ہے کہ ہمارے قائد اس قوم کو دکھانا چاہتے ہیں کہ پاکستان کی قوم ایک باعزت قوم ہے اور مذہب کے نام پر اس کا استحصال اب نہیں ہو سکتا ۔ جناب چیئرمین ! قائداعظم محمدعلی جناح نے جب یہ ملک بنایا تھا تو یہ اسلام کے نام

[Miss Asifa Farooqi]

پر بنایا تھا - یہ کسی انگریز کے نام پر نہیں بنایا تھا - اس ملک کو ایک اسلامی مملکت بنانے کے لئے ہمارے وزیراعظم دن رات کام کر رہے ہیں اور بغیر تنخواہ کے کام کر رہے ہیں - آج کا یہ بل ثابت کرتا ہے کہ پیپلز پارٹی اسلام کی خدمات سرانجام دینے میں پیش پیش رہی ہے جب کہ اس سے قبل جتنے حکمران بھی اس ملک میں رہے انہوں نے کبھی یہ نہ سوچا کہ نفسیاتی طور پر بھی اس قوم کو انگریز کی غلامی سے آزاد کیا جائے - تاکہ یہاں کوئی غدار وطن اور غدار قوم جنم نہ لے سکے - جناب چیئرمین ! میں انہیں الفاظ کے ساتھ اس بل کی پر زور تائید و حمایت کرتے ہوئے اپنی گزارشات ختم کرتی ہوں -

جناب چیئرمین : شکریہ -

Yes, S. M. Masud.

جناب ایس ایم مسعود : فاضل اراکین سینیٹ نے بہت سارے سوالات اٹھائے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بھی سوچ کے کئی نئے پہلو نکلتے ہیں - فاضل رکن جناب خالد خان نے اپنی تقریر میں ایک بات کہی جو بڑی اہم ہے اور یہ ہے کہ جمعہ کی تعطیل سے مشرق کے فکر کی برتری ثابت ہوتی ہے میں اس موقع پر اس بات کا تھوڑا سا فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ دنیا میں جتنے مذاہب پیدا ہوئے ہیں یا ابھرے ہیں تمام کے تمام مشرق کی سرزمین سے نکلے ہیں اور مشرق کے ان علوم کا فائدہ مغرب کی سامراجی طاقتوں نے اٹھایا - سامراج نے اگر دنیا میں اپنے قدم جمائے تو مشرق کے ان علوم اور مشرق کے ان سوتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جو برتری انہوں نے حاصل کی تھی انہوں نے اپنے رنگ میں مشرق کے عوام پر پھر ان کو صادر کرنے کی کوشش کی - مشرق کے عوام میں اور مشرق کی اقوام میں جو نئی ابھر دوڑ رہی ہے اس میں اس بات کو بھی مدنظر رکھنا چاہیئے کہ جہاں جہاں ہم اپنی روایات کو دوبارہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں وہاں ہم سامراج کی دنیا کو شکست دے رہے ہیں - ہم سامراج کی قوتوں کو توڑ رہے ہیں - سامراج کے نشانات کو ختم کر رہے ہیں - تو مشرق کے ان علوم کو واپس لینا میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ ادھار ہم واپس لے رہے ہیں جو کہ ہم نے مغرب کو دیا تھا - اور اپنا جو کلچر ہے جو

تمدن ہے اور اپنی ہماری جو تہذیب ہے اس کو اجاگر کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! قاضی صاحب کی جو تقریر ہے وہ ایک نہایت اہم تقریر ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بہت سارے اور سوالات بھی ابھرتے ہیں جن کے متعلق قوم کو بہت سنجیدہ انداز میں جائزہ لینے کی ضرورت ہے ۔ جناب والا ! ہر قانون بنانے کے پیچھے ایک پس منظر ہوتا ہے اور اگر اس پس منظر ، جس کے تحت قوانین بنائے جاتے ہیں پر قوم اپنے آپ کو ڈھالتی نہیں ہے تو قوانین تو صرف راستہ کا تعین کرتے ہیں قوانین قوم کو راستے پر لے جانے کے لئے ایک راستے ہموار کرتے ہیں جس پر چلنے کے لئے قوم کو ایک عمل کی ضرورت ہوتی ہے ۔ آج جب ہم خداوند کریم کے احکام کا جائزہ لیتے ہیں تو جہاں ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ جہاں جمعہ کی نماز کا وقت ہو ، اپنے کاروبار کو چھوڑ کر اجتماعیت کی صورت میں اپنی مساجد میں جمع ہوں وہاں ساتھ یہ حکم بھی ملتا ہے اور یہ محمد اقبال صاحب کے سوال کا جواب بھی ہے کہ نماز کو ختم کرکے تم اپنے کاروبار کی طرف لوٹ جاؤ اس عملی صورت کا میں سمجھتا ہوں اسلام نے اظہار کیا ہے کیونکہ اسلام کوئی رہبانیت کا نام نہیں ہے ۔ اسلام کے معنی چھٹیاں منانے کے نہیں ہیں اسلام عمل پیہم ، اسلام جدوجہد کا نام ہے ۔ اس جدوجہد کا ، میں سمجھتا ہوں کہ اسلام نے اس تعطیل کی طرف اشارہ کیا ہے کہ آپ نماز ختم ہونے کے فوراً بعد اپنے کاروبار میں شامل ہو جاؤ ۔ آج ہم اگر مشرق کی روایات کو دوبارہ زندہ کر رہے ہیں اور اپنی روایات کو واپس لے رہے ہیں اور جنہیں ہم عملی صورت دینا چاہتے ہیں ۔ تو جناب والا ! آج مشرق کے لوگوں پر ، خاص طور پر مسلمانوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم ان نشانیوں کو جو سامراجی قوتوں نے چھوڑی ہیں انہیں اپنی جدوجہد کے ذریعے ختم کرکے ثابت کر دیں کہ ہماری قوم آج دنیا کی بہترین جدوجہد کا نمونہ ہیں ۔ جناب والا ! اور بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اس سے قانونی پہلو بھی نکلتے ہیں ۔ ہمارے ملک میں ، ہماری اقلیتی برادری یہاں موجود ہے ۔ میں نے اپنی ابتدائی تقریر میں اس کا ذکر کیا تھا کہ حکومت اس پر غور کر رہی ہے لیکن اس کے لئے قانون میں تبدیلی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے موجودہ قانون میں اتوار کے دن کا پبلک ہالی ڈے کے طور پر اندراج ہے اس کے باوجود حکومت کو اختیار ہے کہ وہ آفیشل گزٹ کے ذریعے کسی دن کو چھٹی قرار دے سکتی ہے تو اس لئے اگر قانون میں ترمیم نہ کی جاتی تو

[Mr. S. M. Masud]

اسی طرح دو پبلک ہالی ڈے بن جاتیں اس لئے ترمیم کر کے سنڈے کی بجائے جمعہ کو پبلک ہالی ڈے قرار دیا گیا ہے۔ باقی ، حکومت کو اقلیتوں کی ضروریات کا خیال ہے پہلے سے ایسے قوانین موجود ہیں جن کی بنا پر حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرسکتی ہے۔ توجناب والا ! میرے خیال میں سینیٹ کے معزز اراکین کے دلوں میں جو ابہام ابھرتے تھے وہ اب دور ہوجانے چاہئیں۔

**Mr. Chairman :** Thank you. Now, I will put the question.

The question before the House is :

> "That the bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The motion is carried. Now, we take up second reading of the Bill. It is two clauses Bill. There is no amendment I will put the question.

The question before the House is :

> "That Clause 2 forms part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** Clause 2 forms part of the Bill.

Last question.

The question before the House is :

> "That Clause 1, Preamble and Title form part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** Clause 1, Preamble and Title form part of the Bill.

Now, last item No. 3.

**Mr. S. M. Masud :** Mr. Chairman, Sir, I beg to move :

> "That the Bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], be passed".

**Mr. Chairman :** The motion made is :

> "The the Bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], be passed".

Well, everything has been said. There is hardly anything left, Qazi Sahib, do you want to say anything ?

**Qazi Faizul Haque :** No, Sir.

**Mr. Chairman :** Then, I will put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill further to amend the Negotiable Instruments Act, 1881 [The Negotiable Instruments (Amendment) Bill, 1977], be passed."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The Bill is adopted unanimously.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman :** Now, before we adjourn, I will just read out an application from Mr. Wali Mohammad Khan. It has been received just now. It was not received in the morning. It is with regard to leave for 12, 13 and 14.

''عرض ہے کہ والدہ بیمار ہے جس کے اپریشن کی تاریخ ۱۳ مقرر کی گئی ہے -
اس لیے بندہ کو ۱۲ سے ۱۴ تاریخ تک کی چھٹی چاہیے برائے کرم
سینیٹ سے چھٹی کی منظوری دی جائے -''

**Should the leave be granted ?**

*(The leave was granted)*

**Mr. Chairman :** The leave is granted.

Now, what about tomorrow ? It is Friday. Should we sit on Friday or Sunday ?

*(Laughter)*

**Mr. Chairman:** It is upto you.

**راؤ عبدالستار :** کل میٹ کرنا ہے کیونکہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے -

جناب چیئرمین : قانونی چھٹی جمعہ کی تو یکم جولائی سے ہوا کرے گی لیکن قرآنی چھٹی جمعہ کو تو اب بھی ہے وہ تو کل ہوسکتی ہے - اب آگے آپ کی مرضی ہے -

I am not pressing you. It is upto you.

اچھا ٹھیک ہے ، قاضی صاحب فتویٰ دیں گے -

جناب قاضی فیض الحق : ٹھیک ہے جی کل اجلاس ہونا چاہیے - اتوار کو ہم نے دوستوں کے ساتھ پکنک پر جانا ہے -

**Mr. Chairman :** So, we should meet tomorrow.

**Rao Abdus Sattar :** Yes, Sir.

جناب چیئرمین : کل کتنے بجے ملیں ؟

راؤ عبدالستار : کل ساڑھے نو بجے ٹھیک ہے -

جناب چیئرمین : ساڑھے نو بجے ؟

All right. The House stands adjourned to meet again tomorrow at 9.30 a.m. Thank you.

---

[*The Senate then adjourned to meet again at half-past nine of the clock in the morning on Friday, May 13, 1977*].

---